ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون:۔021-99212639

پریس ریلیز

کراچی 12 جون 2019ء:۔

سینٹرل پولیس آفس کراچی میں ایک سلسلہ بعنوان (مہمان کے ساتھ ایک گھنٹہ) کے تحت امروز معروف اسکالر اور پاکستان کی پہلی خاتون وفاقی سیکریٹری ڈاکٹر معصومہ حسن نے شرکت کی۔ آئی جی سندھ ڈاکٹر سید کلیم امام نے اس موقع پر انھیں خوش آمدید کہا اور انکا استقبال کیا۔

اس موقع پر ایڈیشنل آئی جیز ای اینڈ ٹی، کراچی کے علاوہ ڈی آئی جیز ہیڈ کوارٹرز سندھ، فائنانس، ٹی اینڈ ٹی، سی پی سی، ایس آر پی، آپریشن، ساؤتھ زون، ڈی ایل برانچ، سی ٹی ڈی، اسپیشل برانچ سمیت ایس ایس پیز سینٹرل، ایسٹ، ایس پیز ٹریفک ملیر، کیماڑی، کمانڈ اینڈ کنٹرول، اے وی سی یو، آر آر ایف الفلاح، ایس آر پی بیس ٹو اور فائنانس، ویلفیئر، اسٹیبلشمنٹ، آپریشنز، ای ایم سی، لیگل کے اے آئی جیز و دیگر سینئر پولیس افسران بھی موجود تھے۔

اس موقع پر ڈاکٹر معصومہ حسن نے شرکاء کو پیشہ ورانہ زندگی میں کامیابی اور اہداف کے حصول میں کی جانیوالی جستجو کو نتیجہ خیز بنانے سے متعلق کہا کہ آپ عام لوگوں میں پولیس کے ایک اچھے اور مثبت تاثر کو اجاگر کرنیکے لیئے پولیسنگ کے مجموعی اقدامات کو عوام دوست بنائیں۔

اس موقع پر آئی جی سندھ نے مہمان کو سندھ پولیس کی جانب سے یادگاری شیلڈ دی۔

۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔